خیبر پختونخواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی

ہدایات برائے ڈیری فارم

1۔ ڈیری فارم کا خیبر پختونخواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی سے لائسنس شدہ ہونا ضروری ہے۔

2۔ لائسنس کو نمایاں جگہ پر لگانا لازمی ہے۔

3۔ ڈیری فارم پر صاف پانی کی سہولت میسر ہو۔

4۔ دودھ کو 4 ڈگری سینٹی گریڈ سے کم درجہ حرارت پر رکھیں۔

5۔ دودھ کیلئے استعمال ہونے والے برتن صاف ستھرے اور فوڈ گریڈ میٹریل اور (Stainless-Steel) سے بنے ہوں۔

6۔ ڈیری فارم کے گیٹ پر جراثیم کش محلول سے بھرا گڑھا موجود ہونا چاہیے تاکہ باہر سے آنے والی گاڑی پر لگے جراثیم فارم کے اندر داخل نہ ہوسکیں۔

7۔ جانوروں کے شیڈز والے حصے کے داخلی راستے پر چونا پھینک دیں۔

8۔ شیڈ گوبر اور پرالی وغیرہ اچھی طرح اٹھانی چاہیئے تاکہ اس کی چھیٹیں ادھر اُدھر نہ پھیلیں گوبر کو ٹھکانے لگانے کیلئے خاص گڑھا بنانا چاہیے۔

9۔ گندے پانی سے شیڈ کی صفائی نہیں کرنی چاہیے۔

10۔ کُھرلیوں میں پہلے سے موجود خوراک پر تازہ خوراک نہیں رکھنی چاہیے اور پانی کی کُھرلیوں میں پھپھوندی نہ جمنے کو یقینی بنایا جائے۔

11۔ جراثیم کش ادویات کا صحیح تناسب میں استعمال کرنا چاہیے۔

12۔ فارم پر استعمال ہونے والے آلات، برتن، مشنیری اور دیگر مکینیکل اشیاء کا باقاعدگی سے معائنہ کرنا چاہیے۔

13۔ برقی آلات جانوروں کی پہنچ سے دور رکھنے چاہیے۔

14۔ کُھروں کی حفاظت کیلئے (Copper Sulphate) کے محلول سے بھرا گھڑھا بنایا جائے تاکہ جانور اس میں سے گزریں اور انکے کھر محفوظ رہیں۔

15۔ دودھ نکالنے سے پہلے جانور کے تھن اچھی طرح دھولیں۔

16۔ جانوروں کی خوراک کے بنیادی غذائی اجزاء میں پانی، نشاستہ دار اجزاء اور روغنیات، نمکیات اور حیاتین شامل کرنے کو یقینی بنایا جائے۔

17۔ بیمار جانوروں کو صحت مند جانوروں سے علیحدہ رکھا جائے۔

18۔ کتوں کو فارم سے دور رکھا جائے کیونکہ وہ بیماری پھیلانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

19۔ دودھ بڑھانے کیلئے کسی قسم کا بوسٹر (Booster)، سوماٹیک (Somatec) اور آکسیٹاکسن (Oxitocin) کا استعمال منع ہے۔

ہدایات برائے ملازمین

1۔ تمام ملازمین کے میڈیکل کلیئرنس سرٹیفکیٹس موقع پر موجود ہوں۔

2۔ تمام ملازمین کا ہیڈ کورز (Head Covers)، ماسک اور دستانے پہننا ضروری ہے۔

3۔ ملازمین کے کپڑے صاف ستھرے، ناخن کٹے ہوئے ہوں اور جیولری بینڈز نہ پہنے ہوں۔

ہدایات برائے چیچڑوں کی روک تھام اور حشرات

1۔ جانوروں کے شیڈ میں دراڑیں وغیرہ بند کر دیں۔

2۔ جانوروں سے چیچڑ ہٹانے چاہیئں مگر اس کیلئے ہاتھ وغیرہ استعمال نہ کریں بلکہ چمٹی وغیرہ استعمال کریں۔

3۔ جانوروں کی ڈپنگ (چیچڑ مار محلول میں جسم کو بیگھونا) چیچڑوں کے کنٹرول میں سب سے اہم ہے، جانوروں کے ڈپنگ کروانے سے پہلے درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

4۔ ڈپنگ سے پہلے جانور زخمی نہ ہو کیونکہ اس ڈپنگ سے جانور کے زخم خراب ہو سکتے ہیں۔

5۔ جانور پیاسا اور تھکا ہوا نہ ہو سرد اور بارش والے دن ڈپنگ نہ کریں۔

6۔ کمزور جانور، تین ماہ کی عمر سے کم اور ایسے جانور جو کہ حمل کے آخری مہینوں میں ہوں انکی ڈپنگ نہیں کرنی چاہیئے۔

7۔ فارم میں کسی قسم کے حشرات نہ ہوں اور چیچڑ، دیگر حشرات کو داخلی ہونے سے روکنے کیلئے مناسب انتظام ہو (مالی انسیکٹ کلر اور روڈنیٹ وغیرہ)۔

8۔ جو دودھ فارم سے نکلے وہ خیبر پختونخواہ فوڈ سیفٹی اینڈ حلال فوڈ اتھارٹی کے ریگولیشن کے مطابق ہو۔

ہدایات برائے ٹرانسپورٹیشن

1۔ جن گاڑیوں میں دودھ منتقل کیا جاتا ہے وہ صاف ستھری اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق ہوں اور انکا درجہ حرارت 4 ڈگری سے کم ہو۔